© rasailojaraid.com



ساغر اقبالی

# زبان میری ہے بات اُن کی

☆وزیر اعلیٰ کے لیے ڈویژنل سپورٹس گراؤنڈ ملتان میں ائرکنڈیشنڈ سٹیج تیار کیا گیا۔(ایک خبر)

اور غریبوں کو میسر نہیں مٹی کا دیا بھی

☆عامر چیمہ نے حرمتِ رسول ﷺ پر اپنی جان قربان کر دی۔(ایک خبر)

محمد ہے متاعِ عالمِ ایجاد سے پیارا
پدر، مادر، برادر، جان، مال، اولاد سے پیارا

☆ملک کے ایٹمی اثاثوں پر امریکی کوڈ لگا دیا گیا ہے۔(نوابزادہ منصور احمد خان)

ایٹمی اثاثے کیا' ملک کی ہر پالیسی پر امریکی کوڈ لگا دیا گیا ہے۔

☆نواز، بے نظیر ملاقات سے حکمران ٹولہ خوف کا شکار ہے۔(فخر امام)

حکمران ٹولے سے زیادہ' عوام خوف کا شکار ہیں کہ خسرے کے ساتھ چیچک آ رہی ہے۔

☆موجودہ اسمبلیاں مجھے دوبارہ صدر منتخب کریں گی۔(پرویز مشرف)

☆صدر پرویز نے موجودہ اسمبلیوں کے ذریعے دوبارہ صدر بننے کی بات نہیں کی۔(شوکت سلطان)

ہم اگر عرض کریں گے تو شکایت ہوگی

☆ابوظہبی: توفیق عمر، مصباح الحق اور ذوالقرنین سے شراب کی بوتلیں برآمد۔(ایک خبر)

سپورٹس سفیروں کے اللے تللے۔خوبصورت نام، گھٹیا کام

☆اے کیو خان نیٹ ورک توڑنا اہم کامیابی تھی۔(وائٹ ہاؤس)

اللہ تعالیٰ کوئی اور اے کیو خان پیدا کر دے گا۔

☆رقص و سرود کی محفلوں کے سرپرست' قرآن کی آواز بلند کرنے والوں کو گرفتار کر لیتے ہیں۔(عبدالجبار)

یہی روشن خیالی ہے!

☆حکومت نے ملک کو ترقی کی پٹڑی پر چڑھا دیا ہے۔(چودھری اعجاز شفیع)

اور غریب کو مہنگائی کی سولی پر لٹکا دیا ہے!

© rasailojaraid.com